2831 - حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ اَبِي عَمَّارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ اَبِي عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَعَلَ اَبِي يُكَلِّمُهُ وَهُوَ مُعْرِضٌ عَنْهُ، مُقْبِلٌ عَلَى رَجُلٍ، فَلَمَّا خَرَجَ قَالَ لِي: اَيْ بُنَيَّ، اَمَا رَاَيْتَ ابْنَ عَمِّكَ؟، كُنْتُ اُكَلِّمُهُ فَلَا يُجِيبُنِي قُلْتُ: يَا اَبَهْ، اَمَا رَاَيْتَ الرَّجُلَ الَّذِي كَانَ عِنْدَهُ يُكَلِّمُهُ؟ قَالَ: لَا، قَالَ: اَوَ كَانَ عِنْدَهُ اَحَدٌ؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: فَرَجَعَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَكَانَ عِنْدَكَ اَحَدٌ؟ قَالَ: وَرَاَيْتَهُ؟ قَالَ: اَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بِذٰلِكَ، قَالَ: فَاَقْبَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اَرَاَيْتَهُ؟

حضرت عمار بن ابوعمار' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ میں اپنے والد (حضرت عباس رضی اللہ عنہ) کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا' سو میرے والد آپ کے ساتھ گفتگو کرنے لگے' اور آپ نے ان سے اعراض کیا' اور ایک آدمی کی طرف متوجہ ہو گئے پس جب نکلے تو مجھے میرے والد نے کہا: اے میرے لختِ جگر! تو نے اپنے چچا زاد کو نہیں دیکھا کہ میں اُن کے ساتھ گفتگو کرتا تھا اور وہ مجھے جواب نہیں دیتے تھے' میں نے عرض کی: اے ابا جان! کیا آپ نے اُن کے پاس وہ آدمی نہیں دیکھا جس کے ساتھ وہ گفتگو کر رہے تھے' انہوں نے کہا: نہیں! فرمایا: کیا اُن کے پاس کوئی موجود تھا؟ حضرت ابن عباس نے

2831- أخرجه أحمد رقم الحديث: 24386' والنسائي رقم الحديث: 1785 من طريق أبي جعفر الرازي' عن ابن المنكدر' به . وأخرجه أحمد رقم الحديث: 24485' والطبراني في الأوسط رقم الحديث: 338: من طريق أبي أويس وزياد بن سعد' عن ابن المنكدر' به مثله . ورواه مالك عن ابن المنكدر' عن [illegible] جبير' عن رجل عنده رضي' عن عائشة . أخرجه مالك جلد 1 صفحه 117' وأحمد رقم الحديث: 25503' وأبو داؤد رقم الحديث: 1314' والنسائي رقم الحديث: 1783' والمروزي في قيام الليل صفحه 78' والبيهقي جلد 3 صفحه 15 . وانظر التمهيد جلد 12 صفحه 261 .

قُلْتُ: نَعَمْ قَالَ: ذَاكَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

عرض کی: جی ہاں! وہ واپس آئے' عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ کے پاس کوئی تھا؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا آپ نے اس کو دیکھا ہے؟ (حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے) عرض کی کہ مجھے عبداللہ نے بتایا ہے اس کے متعلق' کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میری طرف متوجہ ہوئے' فرمایا: کیا تو نے اس کو دیکھا ہے؟ میں عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: وہ جبریل علیہ السلام تھے۔

2832 - حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ أَبِي عَمَّارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّهُ تَلَا هَذِهِ الْآيَةَ: (الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ، وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي، وَرَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِينًا) (المائدة: 3) وَعِنْدَهُ رَجُلٌ مِنَ الْيَهُودِ فَقَالَ: لَوْ أُنْزِلَ عَلَيْنَا هَذَا لَاتَّخَذْنَا يَوْمَهَا عِيدًا فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: لَقَدْ أُنْزِلَتْ فِي يَوْمِ جُمُعَةٍ، يَوْمِ عَرَفَةَ، أَوْ عَشِيَّةِ عَرَفَةَ

حضرت عمار بن ابوعمار' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے یہ آیت تلاوت کی: "اَلْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ، وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي، وَرَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِينًا" (المائدہ: ۳) تو ان کے پاس ایک یہودی تھا' اس نے کہا: اگر یہ آیت ہم پر اترتی تو ہم اس دن کو عید بنا لیتے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ یہ آیت جمعہ کے دن عرفہ کے دن نازل کی گئی تھی یا عرفہ کی رات۔

572- وَأَبُو نَضْرَةَ

حضرت ابونضرہ کی احادیث

2833 - حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ

حضرت ابونضرہ' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما

2832- أخرجه أحمد رقم الحديث: 24751 من طريق زهير' به . وأخرجه الترمذى رقم الحديث: 1511 من طريق أبى الأحوص' عن أبى اسحاق' به . وقال الترمذى: حسن صحيح' وقد روى عن عائشة هذا الحديث من غير وجه . وأخرجه أحمد رقم الحديث: 25006' والبخارى رقم الحديث: 2438-5423' ومسلم رقم الحديث: 2970' والنسائى رقم الحديث: 4444-4445' وابن ماجه رقم الحديث: 3159-3313' من طريق عبد الرحمٰن بن عابس' عن أبيه' به مطولًا ومختصرًا .

2833- أخرجه البيهقى جلد 6صفحه275 من طريق المصنف . وأخرجه أحمد رقم الحديث: 25656'

قَالَ: حَدَّثَنَا الْبَرَاءُ بْنُ يَزِيدَ الْغَنَوِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو نَضْرَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَعَوَّذُ فِي دُبُرِ صَلَاتِهِ مِنْ اَرْبَعٍ، يَقُولُ: اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ، وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ، وَمِنْ فِتْنَةِ الْاَعْوَرِ الْكَذَّابِ

سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ ہر فرض نماز کے بعد چار چیزوں سے پناہ مانگتے تھے' آپ دعا کرتے: ''اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ' وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ' وَمِنْ فِتْنَةِ الْاَعْوَرِ الْكَذَّابِ''،''میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں قبر کی آزمائش سے' زندگی کے فتنہ سے' اورموت کے فتنہ سے' اور کانے جھوٹے کے فتنہ سے۔

2834 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، قَالَ: خَطَبَنَا ابْنُ عَبَّاسٍ عَلَى مِنْبَرِ الْبَصْرَةِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَاَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ نَبِيٍّ اِلَّا وَلَهُ دَعْوَةٌ، كُلُّهُمْ قَدْ تَنَجَّزَهَا فِي الدُّنْيَا، وَاِنِّي ادَّخَرْتُ دَعْوَتِي شَفَاعَةً لِاُمَّتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ، اَلَا وَاِنِّي سَيِّدُ وَلَدِ آدَمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا فَخْرَ، وَاَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا فَخْرَ،

حضرت ابونضرہ فرماتے ہیں کہ ہم کو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے خطبہ دیا' بصرہ کے منبر پر' پس آپ نے اللہ عزوجل کی حمد کی اور اس کی تعریف کی' پھر فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کوئی نبی ایسا نہیں مگر یہ کہ اس کی ایک دعا ہے' سب اپنی دعائیں دنیا میں کر لیں اور میں نے اپنی دعا اپنی اُمت کے لیے قیامت کے دن سفارش کے لیے رکھ لی ہے' سنو! میں قیامت کے دن اولادِ آدم کا سردار ہوں گا اور کوئی فخر نہیں' اور سب سے پہلے میری قبر کھلے گی قیامت کے دن اور کوئی فخر نہیں'

والبخاری رقم الحديث: 2259-2595-6020' وفی الأدب المفرد رقم الحديث: 107-108' والبيهقی جلد 7 صفحه28 من طرق عن شعبة' به . وأخرجه أبو داؤد رقم الحديث: 5155' والبيهقی جلد7 صفحه28 من طريق الحارث بن عبيد وغيره' عن أبی عمران' به .

2834- أخرجه أحمد رقم الحديث: 26349' وأبو داؤد رقم الحديث: 3141' وابن ماجه رقم الحديث: 1464' وابن الجارود رقم الحديث: 517' وابن حبان رقم الحديث: 6627-6628' والحاكم جلد 3 صفحه59' والبيهقی جلد 3صفحه387' وفی الدلائل جلد 7صفحه242 من طرق عن ابن اسحاق' عن يحيى بن عباد' عن أبيه' عن عائشة . وقال الحاكم: صحيح الاسناد على شرط مسلم . وصرح عنده ابن اسحاق بالسماع . وأخرجه ابن سعد جلد 2صفحه276-277 من طريق آخر عن عباد بن عبد الله بن الزبير' به .

وَبِيَدِي لِوَاءُ الْحَمْدِ تَحْتَهُ آدَمُ فَمَنْ دُونَهُ وَلَا فَخْرَ، وَيَشْتَدُّ كَرْبُ ذَلِكَ الْيَوْمِ عَلَى النَّاسِ فَيَقُولُونَ: انْطَلِقُوا بِنَا إِلَى آدَمَ أَبِي الْبَشَرِ، فَلْيَشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّنَا حَتَّى يَقْضِيَ بَيْنَنَا فَيَأْتُونَ آدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَيَقُولُونَ: أَنْتَ الَّذِي خَلَقَكَ اللّٰهُ بِيَدِهِ، وَأَسْكَنَكَ جَنَّتَهُ، وَأَسْجَدَ لَكَ مَلَائِكَتَهُ، فَاشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّنَا حَتَّى يَقْضِيَ بَيْنَنَا فَيَقُولُ: إِنِّي لَسْتُ هُنَاكُمْ، إِنِّي أُخْرِجْتُ مِنَ الْجَنَّةِ بِخَطِيئَتِي، وَإِنَّهُ لَا يُهِمُّنِي الْيَوْمَ إِلَّا نَفْسِي، وَلَكِنِ ائْتُوا نُوحًا أَوَّلَ النَّبِيِّينَ فَيَأْتُونَ نُوحًا عَلَيْهِ السَّلَامُ فَيَقُولُونَ: اشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّنَا حَتَّى يَقْضِيَ بَيْنَنَا فَيَقُولُ: لَسْتُ هُنَاكُمْ، إِنِّي دَعَوْتُ دَعْوَةً أَغْرَقَتْ أَهْلَ الْأَرْضِ، وَإِنَّهُ لَا يُهِمُّنِي الْيَوْمَ إِلَّا نَفْسِي، وَلَكِنِ ائْتُوا إِبْرَاهِيمَ خَلِيلَ اللّٰهِ فَيَأْتُونَ إِبْرَاهِيمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَقُولُونَ: اشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّنَا حَتَّى يَقْضِيَ بَيْنَنَا فَيَقُولُ: إِنِّي لَسْتُ هُنَاكُمْ، إِنِّي كَذَبْتُ فِي الْإِسْلَامِ ثَلَاثَ كَذِبَاتٍ، وَإِنَّهُ لَا يُهِمُّنِي الْيَوْمَ إِلَّا نَفْسِي قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاللّٰهِ مَا حَاوَلَ بِهِنَّ إِلَّا عَنْ دِينِ اللّٰهِ؛ قَوْلُهُ: (إِنِّي سَقِيمٌ)(الصافات: 89)، وَقَوْلُهُ: (بَلْ فَعَلَهُ كَبِيرُهُمْ هَذَا)(الانبياء: 63)، وَقَوْلُهُ لِسَارَةَ: قُولِي: إِنَّهُ أَخِي وَلَكِنِ ائْتُوا مُوسَى عَبْدًا اصْطَفَاهُ اللّٰهُ بِرِسَالَاتِهِ وَبِكَلَامِهِ فَيَأْتُونَ مُوسَى فَيَقُولُونَ: اشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّنَا حَتَّى يَقْضِيَ بَيْنَنَا

اور حمد کا جھنڈا میرے ہاتھ میں ہوگا' سب آدم کی اولاد میرے جھنڈے کے نیچے ہوں گے اور کوئی فخر نہیں' اس دن لوگ سخت مصیبت میں ہوں گے وہ کہیں گے کہ چلو! حضرت آدم کے پاس جو انسانیت کے باپ ہیں' وہ ہمارے لیے ہمارے رب سے شفاعت کر دیں گے۔ پس حضرت آدم علیہ السلام کے پاس آئیں گے' عرض کریں گے: آپ وہ ہیں جن کو اللہ عزوجل نے اپنے ہاتھ سے پیدا کیا اور آپ کو اپنی جنت میں ٹھہرایا' آپ کے لیے فرشتوں کو سجدہ کروایا گیا' سو ہماری ہمارے رب کے ہاں شفاعت کریں' یہاں تک کہ ہمارے درمیان فیصلہ کر دیا جائے۔ حضرت آدم علیہ السلام فرمائیں گے: میں یہاں تمہاری شفاعت نہیں کر سکتا' میں جنت سے اپنی غلطی کی وجہ سے نکالا گیا ہوں' مجھے آج اپنے متعلق ڈر ہے' تم نوح کے پاس چلے جاؤ وہ تمام انبیاء میں سب سے پہلے ہیں۔ پس لوگ حضرت نوح علیہ السلام کے پاس جائیں گے' وہ عرض کریں گے: ہمارے لیے ہمارے رب کے ہاں شفاعت کریں یہاں تک کہ ہمارے درمیان فیصلہ کر دیا جائے' تو وہ بھی فرمائیں گے: میں تمہاری یہاں شفاعت نہیں کر سکتا ہوں کیونکہ میں نے ایک دعا کی تھی تو اہل زمین غرق ہو گئے تھے' مجھے آج اپنے متعلق ڈر ہے' تم ابراہیم خلیل اللہ کے پاس چلے جاؤ۔ پس لوگ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس آئیں گے' عرض کریں گے: ہماری ہمارے رب کے ہاں شفاعت کریں' یہاں تک کہ ہمارے درمیان فیصلہ

فَيَقُولُ: إِنِّي لَسْتُ هُنَاكُمْ، إِنِّي قَتَلْتُ نَفْسًا بِغَيْرِ نَفْسٍ، وَإِنَّهُ لَا يُهِمُّنِي الْيَوْمَ إِلَّا نَفْسِي، وَلَكِنِ ائْتُوا عِيسَى رُوحَ اللّٰهِ وَكَلِمَتَهُ فَيَأْتُونَ عِيسَى فَيَقُولُونَ: اشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّنَا حَتَّى يَقْضِيَ بَيْنَنَا فَيَقُولُ: إِنِّي لَسْتُ هُنَاكُمْ، إِنِّي اتُّخِذْتُ وَأُمِّيَ إِلَهَيْنِ مِنْ دُونِ اللّٰهِ، وَلَكِنْ أَرَأَيْتُمْ لَوْ أَنَّ مَتَاعًا فِي وِعَاءٍ قَدْ خُتِمَ عَلَيْهِ، أَكَانَ يُوصَلُ إِلَى مَا فِي الْوِعَاءِ حَتَّى يُفَضَّ الْخَاتَمُ؟، فَيَقُولُونَ: لَا فَيَقُولُ: فَإِنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ حَضَرَ الْيَوْمَ وَقَدْ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ وَمَا تَأَخَّرَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَيَأْتِينِي النَّاسُ فَيَقُولُونَ: اشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّنَا حَتَّى يَقْضِيَ بَيْنَنَا فَأَقُولُ: أَنَا لَهَا، أَنَا لَهَا، حَتَّى يَأْذَنَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لِمَنْ يَشَاءُ وَيَرْضَى، فَإِذَا أَرَادَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ يَقْضِيَ بَيْنَ خَلْقِهِ نَادَى مُنَادٍ: أَيْنَ أَحْمَدُ وَأُمَّتُهُ؟ فَأَقُومُ وَيَتْبَعُنِي أُمَّتِي، غُرٌّ مُحَجَّلُونَ مِنْ أَثَرِ الطُّهُورِ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَنَحْنُ الْآخِرُونَ الْأَوَّلُونَ، أَوَّلُ مَنْ يُحَاسَبُ، وَتُفْرِجُ لَنَا الْأُمَمُ عَنْ طَرِيقِنَا، وَتَقُولُ الْأُمَمُ: كَادَتْ هَذِهِ الْأُمَّةُ أَنْ تَكُونَ أَنْبِيَاءَ كُلَّهَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَأَنْتَهِي إِلَى بَابِ الْجَنَّةِ، فَأَسْتَفْتِحُ فَيُقَالُ: مَنْ هَذَا؟ فَأَقُولُ: أَحْمَدُ فَيُفْتَحُ لِي، فَأَنْتَهِي إِلَى رَبِّي، وَهُوَ عَلَى كُرْسِيِّهِ، فَأَخِرُّ سَاجِدًا، فَأَحْمَدُ رَبِّي بِمَحَامِدَ لَمْ يَحْمَدْهُ أَحَدٌ بِهَا قَبْلِي،

ہو جائے۔ آپ بھی فرمائیں گے کہ میں یہاں تمہاری شفاعت نہیں کر سکتا ہوں' میں نے اسلام میں تین جھوٹ بولے تھے اور مجھے آج کے دن اپنے متعلق ڈر ہے۔ کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ کی قسم! حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ان سے حیلہ صرف اللہ کے دین کے لیے کیا تھا (جیسے اللہ کا ارشاد ہے کہ آپ نے فرمایا:) ''میں بیمار ہوں'' (الصافات:۸۹) اور آپ کا یہ کہنا: ''بلکہ اس بڑے بت نے کیا'' (الانبیاء:۶۳) اور حضرت سارہ کے لیے آپ نے کہا: تو کہنا وہ میرا بھائی ہے' لیکن تم موسیٰ کے پاس چلے جاؤ' وہ ایسے بندے ہیں جن کو اللہ نے اپنی رسالت کے لیے چن لیا تھا۔ پس لوگ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آئیں گے' عرض کریں گے: ہمارے لیے شفاعت کریں' ہمارے رب کے ہاں یہاں تک کہ ہمارے درمیان فیصلہ ہو جائے' آپ فرمائیں گے: میں یہاں تمہاری شفاعت نہیں کروں گا کیونکہ میں نے ایک انسان کو قتل کیا تھا بغیر کسی وجہ کے اور آج کے دن مجھے اپنے متعلق ڈر ہے لیکن تم عیسیٰ کے پاس جاؤ' وہ اللہ کی روح اور اس کا کلمہ ہیں۔ پس لوگ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس آئیں گے' عرض کریں گے: ہماری اپنے رب کے ہاں شفاعت کریں یہاں تک کہ ہمارے درمیان فیصلہ ہو جائے' آپ فرمائیں گے: میں یہاں تمہاری شفاعت نہیں کر سکتا ہوں' میری والدہ کو اور مجھے لوگوں نے دو خدا بنا لیا تھا اللہ کو چھوڑ کر لیکن تم بتاؤ کہ اگر برتن میں سامان ہو اور اس کو بند کر دیا جائے' کیا وہ

وَلَا يَحْمَدُهُ بِهَا اَحَدٌ بَعْدِی فَيُقَالُ لِیَ: ارْفَعْ رَأْسَكَ، وَقُلْ تُسْمَعْ، وَسَلْ تُعْطَهْ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ فَاَشْفَعُ فَيُقَالُ: فَاذْهَبْ فَاَخْرِجْ مِنَ النَّارِ مَنْ كَانَ فِی قَلْبِهِ مِنَ الْخَيْرِ كَذَا وَ كَذَا فَانْطَلِقُ فَاُخْرِجُهُمْ، ثُمَّ اَرْجِعُ اِلَى رَبِّی، فَاَخِرُّ سَاجِدًا، فَيُقَالُ لِیَ: ارْفَعْ رَأْسَكَ، وَقُلْ تُسْمَعْ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ، وَسَلْ تُعْطَهْ قَالَ: فَيَحُدُّ لِی حَدًّا، فَاُخْرِجُهُمْ

دوسرے برتن میں ڈالا جائے گا بغیر اس کا ڈھکن کھولے وہ عرض کریں گے: نہیں! تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرمائیں گے: بے شک حضرت محمد ﷺ آج کے دن موجود ہیں' ان کے وسیلہ سے اللہ نے اُن کی اُمت کے پہلے اور اگلے گناہ معاف کر دیئے ہیں' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: پس لوگ میرے پاس آئیں گے' عرض کریں گے: ہماری ہمارے رب کے ہاں شفاعت کریں یہاں تک کہ ہمارے درمیان فیصلہ ہو جائے' تو میں کہوں گا: میں ہی ہوں اس کے لیے' میں ہی ہوں اس کے لیے' یہاں تک کہ اللہ عزوجل اجازت دے گا جس کو چاہے گا اور راضی ہوگا' پس جب اللہ عزوجل ارادہ فرمائے گا اپنی مخلوق کے درمیان فیصلہ کرنے کا تو ایک آواز دینے والا آواز دے گا: کہاں ہیں احمد اور اُن کی اُمت! تو میں کھڑا ہوں گا اور اپنی اُمت کو تلاش کروں گا' میری اُمت کے وضو والے اعضاء چمک رہے ہوں گے۔ رسول اللہ ﷺ فرمائیں گے: ہم آخری والے پہلے ہیں جن کا حساب کیا جائے گا' اُمتیں ہمارے لیے راستہ کھول دیں گی' قریب ہے کہ یہ اُمت انبیاء ہوں سارے کے سارے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جنت کے دروازے کے پاس پہنچوں گا' پس میں دروازہ کھٹکھٹاؤں گا' کہا جائے گا: یہ کون ہے؟ میں کہوں گا: احمد! تو میرے لیے دروازہ کھول دیا جائے گا' سو میں اپنے رب کے پاس پہنچوں گا' اللہ عزوجل اپنی کرسی پر ہوگا (جیسے اس کی شان کے لائق ہے) سو میں اپنے رب کے لیے سجدہ

میں گروں گا اور ایسی حمد کروں گا کہ میرے بعد کوئی نہیں کرے گا۔ مجھے کہا جائے گا: اپنا سر اُٹھاؤ! عرض کرو وہ سنی جائے گی اور مانگئے کہ آپ کو دیا جائے گا' شفاعت کریں آپ کی شفاعت قبول کی جائے گی۔ کہا جائے گا: جاؤ! پس میں جہنم سے جس کے دل میں رائی کے برابر ایمان ہے اس کو نکالوں گا' سو میں جاؤں گا اور ان کو نکال لاؤں گا۔ میں پھر اپنے رب کے پاس جاؤں گا پس سجدہ میں گر جاؤں گا' مجھے کہا جائے گا: اپنا سر اُٹھاؤ! عرض کرو سنی جائے گی' آپ شفاعت کریں آپ کی شفاعت قبول کی جائے گی' آپ مانگئے آپ کو دیا جائے گا۔ سو میرے لیے حد لگائی جائے گی تو میں اُن کو نکال لاؤں گا۔

573- وَابُو الْجَوْزَاءِ

2835 - حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ: حَدَّثَنَا ابُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا نُوحُ بْنُ قَيْسٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ مَالِكٍ النُّكْرِيُّ، عَنْ اَبِي الْجَوْزَاءِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَتِ امْرَاَةٌ تُصَلِّي خَلْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَجْمَلُ النَّاسِ، قَالَ: فَكَانَ نَاسٌ يُصَلُّونَ فِي آخِرِ صُفُوفِ الرِّجَالِ لِيَنْظُرُوا اِلَيْهَا، قَالَ: وَكَانَ اَحَدُهُمْ يَنْظُرُ اِلَيْهَا مِنْ تَحْتِ اِبْطِهِ، وَكَانَ اَحَدُهُمْ يَتَقَدَّمُ اِلَى الصَّفِّ الْاَوَّلِ حَتَّى لَا يَرَوْنَهَا، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ هَذِهِ الْآيَةَ: (وَلَقَدْ

حضرت ابوالجوزاء کی حدیث

حضرت ابوالجوزاء' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ ایک عورت نبی اکرم ﷺ کے پیچھے نماز ادا کرتی تھی' وہ لوگوں میں سب سے زیادہ خوبصورت تھی' لوگ مردوں کی آخری صف میں نماز پڑھتے اس کو دیکھنے کے لیے' اُن میں سے ایک اپنی بغل کے نیچے سے دیکھتا' اور ان میں سے ایک پہلی صف میں ہوتا' یہاں تک کہ وہ نہ دیکھ سکتا تھا' تو اللہ عزوجل نے یہ آیت اتاری: ''وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنْكُمْ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَاْخِرِيْنَ ''، ''ہم جانتے ہیں جو تم

2835- أخرجه البيهقي جلد 8صفحه299 من طريق المصنف . وأخرجه أحمد رقم الحديث: 25044' ومسلم (37/1995)' والنسائي رقم الحديث:5654 من طرق عن القاسم بن الفضل' به .

عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِينَ مِنْكُمْ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَأْخِرِينَ)(الحجر:24)

میں سے آگے ہوتے ہیں اور جو پیچھے ہوتے ہیں'' (الحجر:۲۴)۔

574- يَحْيَى بْنُ عُبَيْدِ الْبَهْرَانِيُّ

حضرت یحییٰ بن عبید البہرانی کی احادیث

2836 - حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدٍ الْبَهْرَانِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، يَقُولُ: نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْحَنْتَمِ وَالدُّبَّاءِ وَالنَّقِيرِ وَالْمُزَفَّتِ

حضرت یحییٰ بن عبید البہرانی سے روایت ہے کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو فرماتے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے حنتم و دباء' نقیر' مزفت سے منع فرمایا۔

2837 - حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدٍ الْبَهْرَانِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُنْبَذُ لَهُ فِي سِقَاءٍ فَيَشْرَبُ مِنْهُ يَوْمَهُ، وَيَوْمَ الثَّانِي إِلَى يَوْمِ الثَّالِثِ، فَإِنْ بَقِيَ مِنْهُ شَيْءٌ أَهْرَاقَهُ

حضرت یحییٰ بن عبید البہرانی' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کے لیے مشکیزے میں نبیذ بنائی جاتی تھی' آپ اس سے ایک دن اور دوسرے دن' تیسرے دن پیتے تھے' اگر اس سے کوئی باقی بچ جاتی تو اس کو بہا دیتے تھے۔

2838 - حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ،

حضرت یحییٰ بن عبید البہرانی' حضرت ابن عباس

2837- أخرجه البيهقي في الشعب رقم الحديث: 6989 من طريق المصنف . وأخرجه أحمد رقم الحديث: 25163-25591' وابن ماجه رقم الحديث: 3820' وأبو يعلى رقم الحديث: 4472' والطبراني في الدعاء رقم الحديث: 1401' والخطيب جلد 9صفحه233 من طرق عن حماد' عن علي' به . وأخرجه أحمد رقم الحديث: 25024 عن عفان' عن حماد' به . وخالفه الحسن بن المثنى' عن عفان' فقال: (عن ثابت) بدلًا من: (علي بن زيد) . أخرجه البيهقي في الشعب رقم الحديث: 6996 .

2838- أخرجه البيهقي جلد 4صفحه233 من طريق المصنف' عن سلام وحده به . وأخرجه مسلم رقم الحديث: 1106' وأبو داؤد رقم الحديث: 2383' والترمذي رقم الحديث: 727' والنسائي في الكبرىٰ

وَاَبُو اِسْرَائِيلَ عَنْ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدٍ الْبَهْرَانِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُنْبَذُ لَهُ النَّبِيذُ فِي السِّقَاءِ فَيَشْرَبُهُ يَوْمَهُ، وَيَوْمَ الثَّانِي قَالَ شُعْبَةُ: اِلَى الْعَصْرِ وَقَالَ اَبُو اِسْرَائِيلَ: اِلَى يَوْمِ الثَّالِثِ، فَاِنْ بَقِيَ مِنْهُ شَيْءٌ اَهْرَاقَهُ

رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کے لیے مشکیزے میں نبیذ بنائی جاتی تھی' آپ اس سے ایک دن اور دوسرے دن۔ شعبہ نے کہا: عصر تک' اور ابواسرائیل نے کہا: تیسرے دن تک پیتے تھے' اگر اس سے کوئی باقی بچ جاتی تو اس کو بہادیتے تھے۔

575- وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت عبیداللہ بن عبداللہ کی احادیث

2839 ـ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ فَارَةً وَقَعَتْ، فِي سَمْنٍ جَامِدٍ لِآلِ مَيْمُونَةَ، فَاَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت عبیداللہ بن عبداللہ' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ آلِ میمونہ کے جمے ہوئے گھی میں چوہا گر گیا تو نبی اکرم ﷺ نے حکم دیا کہ چوہے اور اس کے اردگرد کو نکال دو۔

رقم الحديث: 3090' وابن ماجه رقم الحديث: 1683 من طريق أبى الأحوص سلام بن سليم' به . وأخرجه أحمد رقم الحديث: 25033' ومسلم رقم الحديث: 1106 من طرق عن زياد بن علاقة' به بنحو رواية قيس . وذكره ابن أبى حاتم فى العلل رقم الحديث: 773 من طريق قيس .

2839- أخرجه ابن عدى جلد 2صفحه808 من طريق المصنف عن عائشة وابن عباس وأبى هريرة' وحديث أبى هريرة سيأتى برقم 2699' وحديث ابن عباس سيأتى كذلك برقم 2734' وميزان الاعتدال جلد 1 صفحه 453' والمغنى جلد 1صفحه220 . وأخرجه ابن عدى فى الكامل جلد 2صفحه807 من طريق حبيب بن يزيد به' نحوه وقد تفرد حبيب' عن عمرو' عن جابر بهذا الحديث' كما قال ابن عدى . انظر الكامل جلد 2صفحه809 . وروى هذا الحديث عن عائشة بلفظ: فرضت الصلاة ركعتين فى الحضر والسفر' فأقرت صلاة السفر' وزيد فى صلاة الحضر . أخرجه مالك جلد 1صفحه146' وأحمد رقم الحديث: 26381' وعبد بن حميد رقم الحديث: 1477' والدارمى رقم الحديث: 1517' والبخارى رقم الحديث: 350-1090-3935' ومسلم رقم الحديث: 685' وأبو داؤد رقم الحديث: 1198' والنسائى رقم الحديث: 452-455' وابن خزيمة رقم الحديث: 303 من طرق عن عروة' عن عائشة .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تُؤْخَذَ الْفَارَةُ وَمَا حَوْلَهَا

2840 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا زَمْعَةُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ، اسْتَفْتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي نَذْرٍ كَانَ عَلَى اُمِّهِ فَمَاتَتْ فَلَمْ تَقْضِهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْضِهِ عَنْهَا

حضرت عبیداللہ بن عبداللہ' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت سعد بن عبادہ نے رسول اللہ ﷺ سے فتویٰ پوچھا اس نذر کے متعلق جو اُن کی ماں نے مانی تھی اور وہ فوت ہوگئی تھی اور اس نے اس کو کو پورا نہیں کیا تھا' تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس کی طرف سے پورا کرو۔

2841 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ فِي رَمَضَانَ فَلَمَّا بَلَغَ الْكَدِيدَ اَفْطَرَ وَاِنَّمَا يُؤْخَذُ بِالْآخِرِ فَالْآخِرِ مِنْ فِعْلِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عبیداللہ بن عبداللہ' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ رمضان میں نکلے جب مقام کدید کے پاس پہنچے تو آپ نے روزہ توڑ دیا' اور اس کی قضاء دوسرے دنوں میں کی' اور وہ رسول اللہ ﷺ کا آخری فعل ہے۔

2842 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا

حضرت عبیداللہ بن عبداللہ' حضرت ابن عباس

2840- أخرجه الترمذى رقم الحديث: 2397 من طريق المصنف . وقال: حديث حسن صحيح وأخرجه ابن حبان رقم الحديث: 2918 من طريق شعبة به ' أخرجه أحمد رقم الحديث: 25520' والبخارى رقم الحديث: 5646' ومسلم رقم الحديث: 2570' وابن ماجه رقم الحديث: 1622 من طريق شعبة وغيره عن الأعمش عن أبى وائل عن مسروق عن عائشة .

2841- عزاه الحافظ فى المطالب رقم الحديث: 1685 الى المصنف . وقد روى معناه من وجه آخر . أخرجه أحمد رقم الحديث: 25209 من طريق أبى حسان' أن رجلًا دخل على عائشة فذكره . وأخرجه أحمد رقم الحديث: 26076-26130' والطحاوى فى المشكل رقم الحديث: 786' والحاكم جلد 2 صفحه479 من طريق أبى حسان قال: دخل رجلان على عاائشة فقالا: فذكروا نحوه بزيادة فى آخره . وفيه أن هذا من قول أهل الجاهلية لا اليهود . وقال الحاكم: حديث صحيح الاسناد .

2842- أخرجه أحمد رقم الحديث: 25436-26114 من طرق عن شعبة ' به . وروى أبو عوانة هذا الحديث

سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّهُ تَمَتَّعَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتْعَةَ الْحَجِّ

رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حج تمتع کیا۔

576- وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَقِيقٍ

حضرت عبداللہ بن شقیق کی حدیث

2843 - حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الزُّبَيْرُ بْنُ خِرِّيتٍ الْأَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَقِيقٍ الْعُقَيْلِيُّ، قَالَ: خَطَبَنَا ابْنُ عَبَّاسٍ بِالْبَصْرَةِ، فَلَمْ يَزَلْ يَخْطُبُ حَتَّى غَرَبَتِ الشَّمْسُ وَبَدَتِ النُّجُومُ فَعَلِقَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي تَمِيمٍ يَقُولُ: الصَّلَاةَ الصَّلَاةَ فَقَالَ لَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ: لَا أُمَّ لَكَ، أَنْتَ تُعَلِّمُنِي السُّنَّةَ؟ فَقَدْ جَمَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ يَعْنِي الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ، قَالَ ابْنُ شَقِيقٍ: فَلَمْ يَزَلْ فِي نَفْسِي مِنْ ذٰلِكَ شَيْءٌ حَتَّى

حضرت عبداللہ بن شقیق العقیلی بیان کرتے ہیں کہ ہم کو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بصرہ میں خطبہ دیا' آپ مسلسل خطبہ دیتے رہے یہاں تک کہ سورج غروب ہو گیا' اور ستارے ظاہر ہو گئے' سو بنی تمیم میں سے ایک آدمی کہنے لگا: نماز نماز۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس سے فرمایا: تیری ماں نہ رہے! تو سنت کو جانتا نہیں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو نمازوں کو جمع کیا ہے یعنی مغرب و عشاء کو۔ حضرت ابن شقیق فرماتے ہیں کہ یہ بات مسلسل میرے دل میں رہی یہاں تک کہ میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہما سے ملا' سو میں نے

فتابع شعبة فيه . وقال أبو حاتم كما في العلل لابنه رقم الحديث: 1563: كان شعبة يخطئ في اسم (خالد بن علقمة)' وكان أبو عوانة يقول: (خالد بن علقمة)' فقال شعبة: لم يكن (خالد بن علقمة)' وانما كان (مالك ابن عرفطة)' فلقنه الخطأ وترك الصواب' وتلقن (ما) قال شعبة' لم يجسر أن يخالفه . وانظر علل ابن أبي حاتم أيضًا 1578 .

2843- عزاه الحافظ في المطالب رقم الحديث: 4692' والسيوطي في الخصائص جلد 1 صفحه96 الى المصنف . وأخرجه الحارث بن أبي أسامة (932- بغية) ومن طريقه أبو نعيم في المنتخب من الدلائل رقم الحديث: 163 من طريق داؤد بن المحبر' عن حماد' عن أبي عمران الجوني' عن يزيد بن بابنوس عن عائشة بنحوه . وداؤد بن المحبر متروك . وأصل الحديث في الصحيح عند البخاري رقم الحديث: 3' ومسلم رقم الحديث: 160 بغير هذه الألفاظ .

لَقِيتُ اَبَا هُرَيْرَةَ فَسَاَلْتُهُ، فَصَدَّقَهُ

آپ سے اس کے متعلق سوال کیا' تو آپ نے ان (یعنی حضرت ابن عباس) کو سچ کہا۔

577-اَبُو الْبَخْتَرِيّ

حضرت ابوالبختری کی احادیث

2844 - حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا الْبَخْتَرِيِّ، قَالَ: اَهْلَلْنَا رَمَضَانَ وَنَحْنُ بِذَاتِ عِرْقٍ، فَاَرْسَلْنَا رَجُلًا اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ يَسْاَلُهُ، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ مَدَّهُ لِرُؤْيَتِهِ، فَاِنْ اُغْمِيَ عَلَيْكُمْ فَاَكْمِلُوا الْعِدَّةَ

حضرت ابوبختری فرماتے ہیں کہ ہم نے رمضان کا چاند دیکھا اور ہم ذاتِ عرق میں تھے' ہم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی طرف ایک آدمی بھیجا کہ وہ اس کے متعلق آپ سے پوچھ کر آئے' تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل نے چاند کو دیکھنے کے لیے لمبا کیا ہے' سو اگر تم پر غبار چھا جائے تو تم گنتی مکمل کرلو (شعبان کے تیس دن کی)۔

2845 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا

حضرت ابوبختری فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کھجوروں میں بیع سلم کے

2844- أخرجه أحمد رقم الحديث: 25464' ومسلم (1211/131,130)' وابن خزيمة رقم الحديث: 2606' والبيهقي جلد 5صفحه19 من طرق عن شعبة ' به . وأخرجه أحمد رقم الحديث: 26136' والبخاري رقم الحديث: 7229' وأبو داؤد رقم الحديث: 1784 من طريق عروة ' عن عائشة به مقتصرًا على قوله: لو استقبلت من أمري ما استدبرت .

2845- أخرجه البيهقي في الخلافيات جلد2صفحه69 من طريق المصنف' وعنده: (خالد بن الصلت) . وقال: كذا قال' وقال غيره: خالد بن أبي الصلت . وأخرجه أحمد رقم الحديث: 25107' وابن ماجه رقم الحديث: 324 من طريق حماد بن سلمة ' به . وأخرجه أحمد رقم الحديث: 25551' وأبو الحسن بن القطان في زوائده على سنن ابن ماجه رقم الحديث: 324' والبيهقي في السنن جلد 1صفحه92-93' وفي الخلافيات جلد 2صفحه69-71 من طرق عن خالد الحذاء به . وقد أنكر الامام أحمد مجيء بعض طرقه بتصريح عراك فيها بالسماع من عائشة . انظر مراسيل ابن أبي حاتم صفحه162-163 .

الْبَخْتَرِيِّ، يَقُولُ: سَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنِ السَّلَمِ فِي النَّخْلِ فَقَالَ: نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ النَّخْلِ حَتَّى يَأْكُلَ مِنْهُ، أَوْ يُؤْكَلَ، أَوْ حَتَّى يُوزَنَ فَقَالَ رَجُلٌ لِابْنِ عَبَّاسٍ: مَا يُوزَنُ؟، فَقَالَ رَجُلٌ عِنْدَهُ: حَتَّى يُحْزَرَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ: وَكَانَ شُعْبَةُ يَغْتَاظُ عَلَى هَذَا الرَّجُلِ، يَقُولُ: أَلَا سَكَتَّ حَتَّى يَقُولَ ابْنُ عَبَّاسٍ

متعلق پوچھا' تو انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے کھجور کی بیع سلم سے منع کیا' یہاں تک کہ اس سے کھایا جائے یا اس کو کھایا جائے یا اس کا وزن کیا جائے' ایک آدمی نے حضرت ابن عباس سے پوچھا: کیا وزن کیا جائے؟ تو ایک آدمی نے جو آپ کے پاس تھا' اس نے کہا: یہاں تک کہ پک جائے۔ امام ابوداؤد فرماتے ہیں کہ حضرت شعبہ اس آدمی پر ناراض ہوتے تھے' فرماتے: کیا تو خاموش نہیں رہ سکتا تھا یہاں تک کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما خود بیان کرتے۔

578- وَعُمَرُ بْنُ حَرْمَلَةَ

حضرت عمر بن حرملہ کی حدیث

2846 - حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ

حضرت عمر بن حرملہ' حضرت ابن عباس رضی اللہ

2846- عزاه البوصيرى فى الاتحاف بذيل المطالب رقم الحديث: 3316-4059 الى المصنف . وفيه: (عبيد الله بن نافع' عن أمه) . وهو خطأ . وأخرجه مسدد كما فى الاتحاف رقم الحديث: 1317 من طريق عبد الله بن نافع' عن أبيه' به . أخرجه أحمد رقم الحديث: 24265-25185' وابن عبد البر فى التمهيد جلد 16 صفحه 132 من طريق عبيد الله وعبد ربه بن سعيد وأيوب وعبد الرحمٰن' عن نافع مولى ابن عمر' عن عائبة مولاة للفاكه بن المغيرة المخزومى' عن عائشة' بنحوه . وأخرجه مالك جلد 2 صفحه 976 عن نافع' عن عائبة' مرسلًا . قال ابن عبد البر فى التمهيد جلد 16 صفحه 131: ئكذا روى هذا الحديث يحيى' عن مالك' عن نافع' عن سائبة' مرسلًا' لم يذكر عائشة' وليس هذا الحديث عند القعنبى' ولا عند ابن بكير' ولا عند ابن وهب' ولا عند ابن القاسم' لا مرسلًا' ولا غير مرسل وهو معروف من حديث مالك مرسلًا' ومن حديث نافع أيضًا' وأكثر أصحاب نافع وحفاظهم يروونه عن نافع' عن عائبة' عن عائشة مسندًا متصلًا . وأخرجه أحمد رقم الحديث: 24579 من طريق جرير بن حازم' عن نافع عن مولاة للفاكه ابن المغيره المخزومى' عن عائشة . والسائبة مولاة الفاكه مجهولة . وأخرجه أحمد رقم الحديث: 24056' والبخارى رقم الحديث: 3308-3309' ومسلم رقم الحديث: 2232' وابن ماجه رقم الحديث: 3534 من طريق عروة' عن عائشة بنحوه مطولًا' ومختصرًا .

قَـالَ: حَـدَّثَنَا شُعْبَةُ ، وَغَيْرُهُ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ شُعْبَةُ: عَنْ عُـمَـرَ بْـنِ حَـرْمَـلَةَ، وَقَـالَ غَيْرُهُ: ابْنُ حَـرْمَـلَةَ، عَـنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: اَهْدَتْ خَالَتِي اِلَى رَسُـولِ الـلّٰـهِ صَـلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمْنًا وَاَضُبًّا وَلَبَـنًا، وَعِنْدَهُ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ عَنْ يَسَارِهِ، وَاَنَا عَنْ يَـمِينِهِ، فَتَفَلَ عَلَيْهِ، يَعْنِي عَلَى الْاَضُبِّ، اَوْ كَلِمَةً شَبِيهَهَا، فَقَالَ لَهُ خَالِدٌ: كَاَنَّكَ قَذِرْتَهُ قَالَ: اَجَلْ اَوْ قَـالَ: نَـعَـمْ فَشَـرِبَ رَسُـولُ الـلّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَـلَّمَ مِنَ اللَّبَنِ وَقَالَ: اِنَّ الشَّرْبَةَ لَكَ، وَاِنْ شِئْتَ اَعْـطَيْتَهَـا خَالِدًا اَوْ قَالَ: عَمَّكَ اَوِ: ابْنَ عَمِّكَ يَعْنِي خَـالِـدًا، فَـقُـلْـتُ: مَـا كُنْتُ مُؤْثِرًا بِسُؤْرِكَ اَحَدًا، قَـالَ: فَـنَـاوَلَـنِي فَشَرِبْتُ، ثُمَّ سَقَيْتُ خَالِدًا، فَقَالَ رَسُـولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَعْلَمُ شَرَابًا يُـجْـزِءُ مِـنَ الـطَّـعَامِ اِلَّا اللَّبَنَ، فَاِذَا شَرِبَهُ اَحَدُكُمْ فَلْيَـقُـلْ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيهِ وَزِدْنَا مِنْهُ، وَمَنْ اَكَلَ مِـنْكُمْ طَعَامًا، يَعْنِي مِنْ ذَاكَ الضَّبِّ، فَلْيَقُلْ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيهِ، وَاَطْعِمْنَا خَيْرًا مِنْهُ

عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ میری خالہ نے رسول اللہ ﷺ کی طرف بھنی ہوئی گوہ بطور ہدیہ بھیجی اور دودھ آپ کے پاس بائیں طرف حضرت خالد بن ولید تھے اور میں آپ کی دائیں جانب تھا' تو آپ نے گوہ کو پھینک دیا' یا اس طرح کا کوئی کلمہ ارشاد فرمایا' حضرت خالد نے ان کو بتایا کہ گویا کہ آپ نے اسے ناپسند کیا' آپ نے فرمایا: بالکل! یا فرمایا: ہاں! سو رسول اللہ ﷺ نے دودھ نوش کیا' آپ نے فرمایا: یہ پینا تیرے لیے ہے' اگر تو چاہے تو خالد کو دے دوں' یا یہ فرمایا: تیرے چچا یا چچا زاد کو' یعنی خالد کو دے دوں۔ میں نے عرض کی: (یارسول اللہ!) میں آپ کے تبرک پر کسی کو ترجیح نہ دوں گا' فرمایا کہ آپ نے مجھے پکڑا دیا تو میں نے پیا پھر میں نے خالد کو پلایا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں نہیں جانتا ہوں کہ کوئی شربت کھانے کی کفایت کرے سوائے دودھ کے کہ یہ کھانے کے قائم مقام ہے' جب تم میں سے کوئی پیئے تو یہ دعا کرے: اے اللہ! ہمارے لیے اس میں برکت دے! اس میں اضافہ فرما! اور جو تم میں سے کوئی کھانا کھائے یعنی گوہ وغیرہ' تو وہ یہ دعا کرے: اے اللہ! اس میں ہمارے لیے برکت دے اور اس سے بہتر عطا فرما!

579- وَصَالِحٌ مَوْلَى التَّوْاَمَةِ

حضرت صالح مولیٰ توامہ کی حدیث

2847 - حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ

حضرت صالح مولیٰ توامہ' حضرت ابن عباس رضی

2847- اخرجه ابن أبي شيبة جلد 9صفحه414' والطحاوي في المشكل رقم الحديث: 1809' والمزى في

قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِی ذِئْبٍ، عَنْ صَالِحٍ مَوْلَی التَّوْاَمَةِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ اُمَّ الْفَضْلِ، اَرْسَلَتْ اِلَی رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاِنَاءٍ مِنْ لَبَنٍ وَهُوَ بِعَرَفَةَ يَوْمَ عَرَفَةَ وَهُوَ وَاقِفٌ فَشَرِبَ

اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت اُم الفضل رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ ﷺ کی طرف دودھ کا ایک برتن بھیجا' اور آپ عرفہ کے دن میدانِ عرفات میں تھے' آپ کھڑے ہوئے اور آپ نے اس کو پیا۔

580- وَاَبُو غَطَفَانَ

حضرت ابوغطفان کی حدیث

2848 - حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِی ذِئْبٍ، عَنْ قَارِظٍ، عَنْ اَبِی غَطَفَانَ، قَالَ: رَاَيْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ تَوَضَّاَ فَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ مَرَّتَيْنِ، وَقَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی

حضرت ابوغطفان فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو دیکھا' انہوں نے وضو کیا' تو کلی کی' اور ناک میں پانی ڈالا دو دو مرتبہ' اور فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی کلی

تهذيب الكمال جلد 22 صفحه 185 من طريق أبى الأحوص سلام' به نحوه مطولًا ۔ وأخرجه ابن أبى شيبة جلد9صفحه414' وأحمد رقم الحديث: 25836' والنسائى رقم الحديث: 4029' والطحاوى فى المشكل رقم الحديث: 1808 من طرق عن أبى اسحاق' به ۔ وأخرجه النسائى رقم الحديث: 4030 من طريق زهير' عن أبى اسحاق به' موقوفًا ۔ ورواية زهير عن أبى اسحاق متأخرة ۔ وأخرجه أبو داؤد رقم الحديث: 4353' والنسائى رقم الحديث: 4059-4757' والطحاوى فى المشكل رقم الحديث: 1800-1801' والطبرانى فى الأوسط رقم الحديث: 4360' والدارقطنى جلد3 صفحه 81' والحاكم جلد4صفحه367' وأبو نعيم فى الحلية جلد9صفحه15' والبيهقى جلد8صفحه283 من طرق عن عبيد بن عمير' عن عائشة نحوه ۔ وأخرجه ابن أبى شيبة جلد9صفحه414 من طريق مسروق عن عائشة ۔

2848- عزاه البوصيرى فى الاتحاف بذيل المطالب رقم الحديث: 639 الى المصنف ۔ وأخرجه ابن أبى عمر العدنى فى مسنده كما فى الاتحاف رقم الحديث: 640' وأحمد رقم الحديث: 25204 من طريق حماد' به ۔ وأخرجه الطبرانى فى الأوسط رقم الحديث: 2075 من طريق هشام الدستوائى' عن الأزرق به' بلفظ: كان يصلى على حصير' وقال: لم يروه عن هشام الا حماد بن مسعدة' والمشهور من حديث حماد بن سلمة' عن الأزرق بن قيس ۔ وأخرجه أحمد رقم الحديث: 26154' وابن خزيمة رقم الحديث: 1011 من طريق عثمان بن عمر' عن يونس' عن الزهرى' عن عروة' عن عائشة بنحوه' بزيادة فى آخره ۔

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا مَضْمَضَ اَحَدُكُمْ وَاسْتَنْثَرَ فَلْيَفْعَلْ ذٰلِكَ مَرَّتَيْنِ بَالِغَتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا

کرے اور اپنے ناک کو صاف کرے تو وہ دومرتبہ یا تین مرتبہ مبالغہ کے ساتھ کرے۔

581- وَشُعْبَةُ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ

حضرت شعبہ مولیٰ ابن عباس کی احادیث

2849 - حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ، عَنْ شُعْبَةَ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: جِئْتُ اَنَا وَالْعَبَّاسُ، عَلَى اَتَانٍ، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي، فَنَزَلْنَا وَمَرَرْنَا بَيْنَ يَدَيْهِ، فَمَا رَدَّنَا وَلَا نَهَانَا

حضرت شعبہ مولیٰ حضرت ابن عباس، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ میں اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ اتان پر آئے اور رسول اللہ ﷺ نماز پڑھ رہے تھے، سو ہم اترے، اور ہم آپ کے آگے سے گزرے، تو آپ نے نہ ہمیں روکا اور نہ ہمیں منع کیا۔

2850 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ

حضرت شعبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی

2849- أخرجه ابن سعد جلد 2 صفحه 265، وأحمد رقم الحديث: 25883 من طريق حماد بن سلمة، به مطولًا . وأخرجه أحمد رقم الحديث: 24075، والترمذى فى الشمائل رقم الحديث: 374 من طريق مرحوم بن عبد العزيز، عن أبى عمران، به، نحوه . وروى أبو داؤد رقم الحديث: 2137 قطعة أخرى منه من طريق مرحوم أيضًا . وفى صحيح البخارى رقم الحديث: 4454-4457 من رواية أبى سلمة، وعروة، وعبيد الله بن عبد الله بن عتبة، عن عائشة، أن أبا بكر دخل على النبى صلى الله عليه وآله وسلم وهو ميت، فقبله وبكى .

2850- أخرجه أحمد رقم الحديث: 24508، وابن أبى الدنيا فى الاشراف فى منازل الأشراف رقم الحديث: 92، والبيهقى جلد 10 صفحه 96، والخطيب فى الموضح جلد 2 صفحه 331 من طريق المصنف . وأخرجه البخارى فى التاريخ جلد 4 صفحه 282، ووكيع فى أخبار القضاة جلد 1 صفحه 20-21، والعقيلى جلد 3 صفحه 298، وابن حبان رقم الحديث: 5055، والطبرانى فى الأوسط رقم الحديث: 2619، والدارقطنى فى المؤتلف والمختلف جلد 2 صفحه 722-723، والبيهقى جلد 6 صفحه 96، والخطيب فى الموضح جلد 2 صفحه 331 من طرق عن عمرو بن العلاء، به، نحوه . وانظر الضعيفة

اَبِی ذِئْبٍ، عَنْ شُعْبَةَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَی ابْنِ عَبَّاسٍ فَقَالَ: اِنَّ مَوْلَاكَ اِذَا سَجَدَ ضَمَّ يَدَيْهِ اِلَی جَنْبَيْهِ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: تِلْكَ رَبْضَةُ الْكَلْبِ، قَدْ رَاَيْتُ بَيَاضَ اِبِطِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ سَاجِدٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس آیا۔ اس نے عرض کی کہ آپ کا غلام جب سجدہ کرتا ہے تو اپنے ہاتھوں کو اپنی کروٹ سے ملاتا ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: یہ کتے کی طرح بیٹھنا ہے میں نے رسول اللہ ﷺ کی کلائیوں کو دیکھا وہ سجدہ کی حالت میں جدا ہوتی تھیں۔

2851 ۔ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِی ذِئْبٍ، عَنْ شُعْبَةَ، قَالَ: كَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ اِذَا اغْتَسَلَ مِنَ الْجَنَابَةِ اَفْرَغَ بِيَمِينِهِ عَلَی يَسَارِهِ سَبْعًا قَالَ: فَجَعَلَ يَوْمًا يَصُبُّ عَلَی يَسَارِهِ فَقَالَ لِی: تَدْرِی كَمْ صَبَبْتُ؟ قُلْتُ: لَا قَالَ: لَا اُمَّ لَكَ، وَلِمَ لَا تَدْرِی؟، فَاَفْرَغَ عَلَی يَسَارِهِ سَبْعًا وَتَوَضَّاَ وُضُوءَهُ لِلصَّلَاةِ، ثُمَّ صَبَّ عَلَی رَاْسِهِ، ثُمَّ قَالَ: هٰكَذَا رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَلَ ذٰلِكَ

حضرت شعبہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما غسل جنابت کرتے تھے تو اپنے دائیں ہاتھ سے بائیں ہاتھ پر پانی ڈالتے سات مرتبہ' ایک دن بائیں پر ڈال رہے تھے' مجھے کہا: کیا تو جانتا ہے کہ میں نے کتنی مرتبہ ڈالا ہے؟ میں نے عرض کی: نہیں! فرمایا: تیری ماں نہ رہے! تو کیوں نہیں جانتا؟ پس آپ نے سات مرتبہ بائیں پر پانی ڈالا' پھر نماز جیسا وضو کیا پھر اپنے سر پر پانی ڈالا' پھر فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو ایسے ہی کرتے دیکھا ہے۔

2852 ۔ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ

حضرت شعبہ مولیٰ حضرت ابن عباس' حضرت ابن

رقم الحديث: 1142 .

2851- أخرجه أبو نعيم في الحلية جلد3 صفحه 63-82 من طريق المصنف . وأخرجه عبد الرزاق رقم الحديث: 2540' وابن أبي شيبة جلد 1 صفحه410' وأحمد رقم الحديث: 24076' والدارمي رقم الحديث: 1239' ومسلم رقم الحديث: 498' وأبو داؤد رقم الحديث: 783' وابن ماجه رقم الحديث 812-869-893' وابن خزيمة رقم الحديث: 699' وابن حبان رقم الحديث 1768 .

2852- أخرجه أحمد رقم الحديث: 25866 من طريق آخر عن ابن سيرين به' وقال ابن معين في رواية ابن محرز عنه جلد1 صفحه127 ابن سيرين لم يسمع من عائشة شيئًا قط' ولا رآها . وكذلك قال أبو حاتم في المراسيل رقم الحديث: 687' وانظر جامع التحصيل رقم الحديث: 683 .

اَبِی ذِئْبٍ، عَنْ شُعْبَةَ مَوْلَی ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: بَعَثَنِی رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی ضَعَفَةِ اَهْلِهِ، فَرَمَیْنَا الْجَمْرَةَ مَعَ الْفَجْرِ

عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ نے اپنے کمزور اہل خانہ کے ساتھ بھیجا' پس ہم نے جمرہ کو کنکریاں ماریں فجر کی نماز کے ساتھ ہی۔

2853 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِی ذِئْبٍ، عَنْ شُعْبَةَ مَوْلَی ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: دَخَلَ الْمِسْوَرُ بْنُ مَخْرَمَةَ عَلَی ابْنِ عَبَّاسٍ وَهُوَ مَرِیضٌ وَعَلَیْهِ ثَوْبُ اِسْتَبْرَقٍ، وَبَیْنَ یَدَیْهِ کَانُونٌ عَلَیْهِ تَصَاوِیرُ، فَقَالَ الْمِسْوَرُ: مَا هَذَا یَا ابْنَ عَبَّاسٍ؟، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: مَا عَلِمْتُ بِهِ وَمَا اَرَی رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَهَی عَنْ هَذَا اِلَّا لِلتَّکَبُّرِ وَالتَّجَبُّرِ وَلَسْنَا بِحَمْدِ اللّٰهِ کَذَلِکَ فَلَمَّا خَرَجَ الْمِسْوَرُ اَمَرَ ابْنُ عَبَّاسٍ بِالثَّوْبِ فَنُزِعَ عَنْهُ، وَقَالَ: اقْطَعُوا رُئُوسَ هَذِهِ التَّصَاوِیرِ

حضرت شعبہ مولیٰ حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ حضور مسور بن مخرمہ' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس آئے' ان کی بیماری کے ایام میں اوران پر ریشم کا کپڑا تھا' آپ کے سامنے ایک پردہ تھا اس پر تصویریں تھیں۔ حضرت مسور نے عرض کی: اے ابن عباس! یہ کیا ہے؟ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: مجھے اس کا علم نہیں' میری رائے یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے منع صرف تکبر و بڑائی کی وجہ سے کیا ہے اور ہم اللہ کے فضل سے ایسے نہیں ہیں۔ جب حضرت مسور چلے گئے تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے حکم دیا' اس کپڑے کا (جس پر تصویریں تھیں) تو اس کو اتار دیا گیا اور فرمایا: ان تصویروں کے سروں کو کاٹ دو۔

582- وَشَهْرُ بْنُ حَوْشَبٍ

حضرت شہر بن حوشب کی حدیث

2854 - حَدَّثَنَا یُونُسُ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِیدِ بْنُ بَهْرَامَ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِی ابْنُ عَبَّاسٍ، قَالَ: حَضَرَتْ عِصَابَةٌ مِنَ الْیَهُودِ یَوْمًا اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا: یَا رَسُولَ اللّٰهِ، حَدِّثْنَا عَنْ خِلَالٍ نَسْاَلُکَ عَنْهَا، لَا یَعْلَمُهَا اِلَّا نَبِیٌّ قَالَ: سَلُونِی عَمَّ شِئْتُمْ، وَلَکِنِ اجْعَلُوا لِی ذِمَّةَ اللّٰهِ وَمَا اَخَذَ یَعْقُوبُ

حضرت شہر بن حوشب سے روایت ہے کہ مجھ سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے حدیث بیان کی کہ یہودیوں کا ایک گروہ ایک دن نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم آپ سے سوال کرنا چاہتے ہیں اُن سوالوں کا جواب صرف نبی ہی جانتا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جو چاہو سوال کرو لیکن مجھ سے اللہ کے ذمہ اور اس پر جو حضرت یعقوب علیہ السلام

عَلَى بَنِيهِ إِنْ أَنَا حَدَّثْتُكُمْ بِشَيْءٍ تَعْرِفُونَهُ لَتُبَايِعُنِّي عَلَى الْإِسْلَامِ قَالُوا: فَلَكَ ذَلِكَ قَالَ: فَسَلُونِي عَمَّ شِئْتُمْ قَالُوا: أَخْبِرْنَا عَنْ أَرْبَعِ خِلَالٍ نَسْأَلُكَ عَنْهَا: أَخْبِرْنَا عَنِ الطَّعَامِ الَّذِي حَرَّمَ إِسْرَائِيلُ عَلَى نَفْسِهِ مِنْ قَبْلِ أَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرَاةُ، وَأَخْبِرْنَا عَنْ مَاءِ الْمَرْأَةِ مِنْ مَاءِ الرَّجُلِ، وَكَيْفَ يَكُونُ مِنْهُ الذَّكَرُ حَتَّى يَكُونَ ذَكَرًا وَكَيْفَ تَكُونُ مِنْهُ الْأُنْثَى حَتَّى تَكُونَ أُنْثَى، وَأَخْبِرْنَا كَيْفَ هَذَا النَّبِيُّ فِي النَّوْمِ، وَمَنْ وَلِيُّكَ مِنَ الْمَلَائِكَةِ؟ قَالَ: فَعَلَيْكُمْ عَهْدُ اللهِ وَمِيثَاقُهُ، لَئِنْ أَنَا حَدَّثْتُكُمْ لَتُبَايِعُنِّي؟ فَأَعْطَوْهُ مَا شَاءَ مِنْ عَهْدٍ وَمِيثَاقٍ قَالَ: أَنْشُدُكُمْ بِاللهِ الَّذِي أَنْزَلَ التَّوْرَاةَ عَلَى مُوسَى، هَلْ تَعْلَمُونَ أَنَّ إِسْرَائِيلَ يَعْقُوبَ مَرِضَ مَرَضًا شَدِيدًا وَطَالَ سَقَمُهُ مِنْهُ، فَنَذَرَ لِلَّهِ نَذْرًا، لَئِنْ شَفَاهُ مِنْ سَقَمِهِ لَيُحَرِّمَنَّ أَحَبَّ الشَّرَابِ إِلَيْهِ، وَأَحَبَّ الطَّعَامِ إِلَيْهِ، وَكَانَ أَحَبُّ الشَّرَابِ إِلَيْهِ أَلْبَانَ الْإِبِلِ، وَكَانَ أَحَبُّ الطَّعَامِ إِلَيْهِ لُحْمَانَ الْإِبِلِ؟ قَالُوا: اللَّهُمَّ نَعَمْ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللَّهُمَّ اشْهَدْ عَلَيْهِمْ قَالَ: فَأَنْشُدُكُمْ بِاللهِ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ، الَّذِي أَنْزَلَ التَّوْرَاةَ عَلَى مُوسَى، هَلْ تَعْلَمُونَ أَنَّ مَاءَ الرَّجُلِ غَلِيظٌ أَبْيَضُ، وَأَنَّ مَاءَ الْمَرْأَةِ رَقِيقٌ أَصْفَرُ، فَأَيُّهُمَا عَلَا كَانَ لَهُ الْوَلَدُ وَالشَّبَهُ بِإِذْنِ اللهِ؛ فَإِنْ عَلَا مَاءُ الرَّجُلِ مَاءَ الْمَرْأَةِ كَانَ ذَكَرًا بِإِذْنِ اللهِ، وَإِنْ عَلَا مَاءُ الْمَرْأَةِ مَاءَ الرَّجُلِ كَانَتْ

نے اپنے بیٹوں سے لیا تھا' اس کے مطابق وعدہ کرو کہ میں اگر تم کو بتا دوں جس کو تم جانتے ہو تو تم میری اسلام پر بیعت کرو گے۔ انہوں نے عرض کی: آپ کے ساتھ وعدہ کرتے ہیں' آپ نے فرمایا: مجھ سے جو تم چاہو پوچھو' انہوں نے عرض کی: ہم کو چار چیزوں کے متعلق بتائیں! ہم کو بتائیں اس کھانے کے متعلق جو حضرت یعقوب علیہ السلام نے اپنے اوپر حرام کیا ہوا تھا تورات کے نازل ہونے سے پہلے؟ اور ہمیں بتایئے کہ اس نبی کی نیند کیسے ہوتی ہے؟ اور فرشتوں میں آپ کا دوست کون ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم پر اللہ کا وعدہ اور میثاق ہے' اگر میں تمہیں بتا دیتا ہوں تو تم میری بیعت کرو گے' تو انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بہت مضبوط وعدہ کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں تم کو اس اللہ کی قسم دیتا ہوں جس نے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر تورات نازل کی ہے' کیا تم جانتے ہو کہ اللہ کے بندے حضرت یعقوب علیہ السلام سخت بیمار ہو گئے تھے' اُن کی بیماری لمبی ہو گئی تھی' تو انہوں نے اللہ کے لیے نذر مانی تھی کہ اگر انہیں اس مرض سے شفاء مل گئی تو میں ضرور اس دودھ کو اپنے اوپر حرام کر لوں گا جو سب سے زیادہ محبوب ہے اور اس کھانے کو جو سب سے زیادہ محبوب ہے' اور انہیں پینے والی سب سے محبوب ترین چیز اونٹنی کا دودھ تھا اور محبوب ترین کھانا اونٹ کا گوشت تھا۔ تو ان یہودیوں نے کہا: اللہ کی قسم! ہاں! تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے اللہ! تو اس پر گواہ رہنا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں تم کو اللہ کی

اُنْثَى بِإِذْنِ اللّٰهِ؟ قَالُوا: اَللّٰهُمَّ نَعَمْ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَللّٰهُمَّ اشْهَدْ قَالَ: فَاَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ الَّذِي اَنْزَلَ التَّوْرَاةَ عَلَى مُوسَى، هَلْ تَعْلَمُونَ اَنَّ هٰذَا النَّبِيَّ تَنَامُ عَيْنَاهُ وَلَا يَنَامُ قَلْبُهُ؟ قَالُوا: اَللّٰهُمَّ نَعَمْ قَالَ: اَللّٰهُمَّ اشْهَدْ عَلَيْهِمْ قَالُوا: اَنْتَ الْآنَ، حَدِّثْنَا مَنْ وَلِيُّكَ مِنَ الْمَلَائِكَةِ، فَعِنْدَهَا نُجَامِعُكَ اَوْ نُفَارِقُكَ قَالَ: وَلِيِّيَ جِبْرِيلُ، وَلَمْ يَبْعَثِ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ نَبِيًّا قَطُّ اِلَّا وَهُوَ وَلِيُّهُ قَالُوا: فَعِنْدَهَا نُفَارِقُكَ، لَوْ كَانَ وَلِيُّكَ غَيْرَهُ مِنَ الْمَلَائِكَةِ لَبَايَعْنَاكَ وَصَدَّقْنَاكَ قَالَ: فَمَا يَمْنَعُكُمْ اَنْ تُصَدِّقُوهُ؟ قَالُوا: اِنَّهُ عَدُوُّنَا مِنَ الْمَلَائِكَةِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِجِبْرِيلَ فَاِنَّهُ نَزَّلَهُ عَلَى قَلْبِكَ بِاِذْنِ اللّٰهِ)(البقرة: 97)اِلَى آخِرِ الْآيَةِ، وَنَزَلَتْ: (فَبَائُوا بِغَضَبٍ عَلَى غَضَبٍ)

قسم دیتا ہوں کہ جس کے علاوہ کوئی خدا نہیں' وہی ہے جس نے تورات حضرت موسیٰ علیہ السلام پر اُتاری' کیا تم جانتے ہو کہ مرد کا پانی سفید گاڑھا ہوتا ہے اور عورت کا پانی پتلا زرد ہوتا ہے' سو جوان دونوں میں سے غالب آ جائے بچہ اس کے مشابہ ہوگا اللہ کے حکم سے' اور اگر مرد کا پانی عورت کے پانی پر غالب ہو جائے تو لڑکا ہوگا اللہ کے حکم سے' اگر عورت کا پانی مرد کے پانی پر غالب آ جائے تو بچی ہوگی اللہ کے حکم سے۔ انہوں نے کہا: اللہ کی قسم! ہاں! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! تو ان پر گواہ رہنا! آپ نے فرمایا: میں تم کو اس اللہ کی قسم دیتا ہوں جس نے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر تورات نازل فرمائی ہے' کیا تم جانتے ہو کہ یہ نبی ہے جس کی آنکھیں سوتی ہیں اور اس کا دل نہیں سوتا ہے' انہوں نے کہا: اللہ کی قسم! ہاں! آپ ﷺ نے عرض کی: اے اللہ! تو اس پر گواہ رہنا۔ انہوں نے عرض کیا: اب آپ بتائیں کہ فرشتوں میں سے آپ کا دوست کون سا فرشتہ ہے؟ ہم آپ پر سلام لائیں گے یا آپ سے جدا ہو جائیں گے! آپ ﷺ نے فرمایا: میرے دوست حضرت جبریل علیہ السلام ہیں' اللہ عزوجل نے کسی نبی کو نہیں بھیجا مگر یہی اس کے دوست ہیں' انہوں نے کہا: ہم آپ سے جدا ہوتے ہیں' اگر آپ پر کوئی اور فرشتہ دوست ہوتا تو ہم آپ کی بیعت بھی کرتے اور ہم آپ کی تصدیق بھی کرتے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تمہیں کون سی رکاوٹ ہے کہ تم نے اس کی تصدیق نہیں کی؟ انہوں نے کہا: وہ

فرشتوں میں سے ہمارا دشمن ہے' پس اللہ عزوجل نے یہ آیت اتاری: ''مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِجِبْرِيْلَ فَاِنَّهُ نَزَّلَهُ عَلٰى قَلْبِكَ بِاِذْنِ اللّٰهِ '' آخر آیت تک اور یہ نازل ہوئی: ''فَبَآئُوْا بِغَضَبٍ عَلٰى غَضَبٍ '' ''وہ اللہ کے غضب پر غضب کے مستحق ہوئے''۔

583- وَاَبُو مَعْبَدٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ

حضرت ابومعبد مولیٰ حضرت ابن عباس کی حدیث

2855 - حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ اَبِي مَعْبَدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُسَافِرُ امْرَاَةٌ اِلَّا مَعَ ذِي مَحْرَمٍ، وَلَا يَدْخُلُ عَلَيْهَا رَجُلٌ اِلَّا وَعِنْدَهَا ذُو مَحْرَمٍ فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ امْرَاَتِي تُرِيْدُ

حضرت ابومعبد' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کوئی عورت سفر نہ کرے مگر یہ کہ اس کے ساتھ اس کا محرم ہو' اور کوئی آدمی کسی عورت کے پاس نہ آئے مگر یہ کہ اس کے ساتھ اس کا محرم ہو' ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! میری بیوی حج کا ارادہ کر رہی ہے' اور میرا ارادہ ہے

2855- أخرجه البيهقي جلد 4صفحه203 من طريق المصنف' وقال: اسناده صحيح . وأخرجه النسائي رقم الحديث: 2329 من طريق اسرائيل' عن سماك' عن رجل' عن عائشة بنت طلحة' عن عائشة أم المؤمنين . وأخرجه عبد الرزاق رقم الحديث: 7792 عن اسرائيل عن سماك عن عائشة بنت طلحة عن عائشة . وأخرجه الشافعي جلد1صفحه462' وعبد الرزاق رقم الحديث: 7793' والحميدي رقم الحديث: 190-191' وأحمد رقم الحديث: 25772' ومسلم رقم الحديث: 1154' وأبو داؤد رقم الحديث: 2455' والترمذي رقم الحديث: 733-734' والنسائي رقم الحديث: 2321-2328' وابن ماجه رقم الحديث: 1701' وأبو يعلى رقم الحديث: 4743' وابن خزيمة رقم الحديث: 2141-2143' والطحاوي جلد 2صفحه109' وابن حبان رقم الحديث: 3630' والبيهقي جلد 4 صفحه 275' والبغوي في شرح السنة رقم الحديث: 1745-1812' من طرق عن عائشة بنت طلحة ومجاهد وأم كلثوم' عن عائشة .

اَنْ تَحُجَّ، وَاَنَا اُرِيدُ اَنْ اَخْرُجَ فِي جَيْشِ كَذَا وَكَذَا فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حُجَّ مَعَ امْرَاَتِكَ

کہ میں فلاں فلاں لشکر کے ساتھ جہاد میں نکلوں۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تو اپنی بیوی کے ساتھ حج کر۔

584- وَاَبُو صَالِحٍ

حضرت ابوصالح کی حدیث

2856 - حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا صَالِحٍ، وَقَدْ كَانَ كَبِرَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَوَّارَاتِ الْقُبُورِ، وَالْمُتَّخِذَاتِ عَلَيْهَا الْمَسَاجِدَ وَالسُّرُجَ

حضرت ابوصالح، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے لعنت فرمائی قبروں کی زیارت کرنے والیوں پر اور اُن پر جو قبروں کو سجدہ گاہ بناتی ہیں اور روشنائیاں کرتی ہیں۔

585- وَعَبْدُ الْعَزِيزِ الْعَبْدِيُّ

حضرت عبدالعزیز العبدی کی حدیث

2857 - حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ

حضرت سکین بن عبدالعزیز عبدی کہتے ہیں کہ مجھے

2856- أخرجه البيهقي جلد 1 صفحه69 من طريق المصنف ـ وأخرجه الشافعي جلد 1صفحه95' وأحمد رقم الحديث: 24857-26257' والبيهقي في المعرفة جلد 1صفحه166 من طريق حسين المعلم وهاشم بن القاسم ومحمد بن اسماعيل بن أبي فديك' عن ابن أبي ذئب' به ـ وأخرجه الشافعي جلد 1صفحه96' وابن أبي شيبة جلد 1صفحه26' وأحمد رقم الحديث: 24560' والبخاري في التاريخ جلد4 صفحه 110' ومسلم رقم الحديث: 240' والطحاوي جلد 1 صفحه 38' والبيهقي في المعرفة جلد 1 صفحه167' والطبراني في الأوسط رقم الحديث: 5308 من طرق عن سالم سبلان' به ـ وأخرجه الحميدي رقم الحديث: 161' وأحمد رقم الحديث: 25630' وابن ماجه رقم الحديث: 452 من طريق أبي سلمة' عن عائشة به ـ وانظر علل الرازي رقم الحديث: 148-178-194' وعلل مسلم لابن عمار الشهيد صفحه50 ـ

2857- أخرجه أحمد رقم الحديث: 24805' والنسائي رقم الحديث: 2683' وابن خزيمة رقم الحديث: 2934' وابن حبان رقم الحديث: 3881 من طرق عن حماد بن زيد' به ـ وأخرجه الحميدي رقم

قَالَ: حَدَّثَنَا سُكَيْنُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْعَبْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ الْفَضْلَ، رَدِفَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ عَرَفَةَ، فَجَعَلَ يَلْحَظُ اِلَى امْرَاَةٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَهْ يَا غُلَامُ، فَاِنَّ هٰذَا يَوْمٌ مَنْ حَفِظَ فِيهِ بَصَرَهُ غُفِرَ لَهُ

